شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

24 فروری 2023ء

پریس ریلیز

نجی جیلیں قائم کرنے اور درندگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو عبرت ناک سزادی جائے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): نجی جیلیں قائم کرنے اور درندگی کا مظاہرہ کرنے والوں کو عبرت ناک سزادی جائے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ بارکھاں میں صوبائی وزیر مواصلات نے عورتوں اور مردوں کو نجی جیل میں قید کیا جہاں اُنہیں جنسی زیادتی کا نشانہ بنایا گیا۔ اسلام نے انسان کو اشرف المخلوقات کے شرف سے نوازا ہے لیکن وقت کے فرعون، نمرود، قارون اور ہامان انسانوں کو بدترین ظلم اور استحصال کا نشانہ بناتے ہیں۔ مملکتِ خداداد پاکستان کے آزاد شہری درندہ صفت سردار کی نجی جیل میں بدترین تشدد کا نشانہ بنتے رہے لیکن حکومت، مقامی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے کان پر جُوں تک نہ رینگی۔ جہالتِ جدیدہ نے جاگیرداروں، سرداروں اور سرمایہ داروں کے مکروہ چہروں پر پردہ ڈال کر اُنہیں نہ صرف عوامی نمائندہ بلکہ حکومت کا حصہ بنادیا ہے۔ درحقیقت ہمارے ملک میں جس کی لاٹھی اُس کی بھینس کا قانون رائج ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ بلوچستان میں وقوع پذیر ہونے والے اس اندوہناک واقعہ پر سپریم کورٹ ازخود نوٹس لے اور واقعہ میں ملوث درندہ صفت مجرموں کو قرار واقعی سزادی جائے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

تنظیم اسلامی کا پیغام — خلافتِ راشدہ کا نظام

بانی تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمد — امیر تنظیم: شجاع الدین شیخ

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 24 February 2023

"Those who have set-up private prisons and perpetrate gruesome cruelty must be awarded exemplary and exacting punishment."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "Those who have set-up private prisons and perpetrate gruesome cruelty must be awarded exemplary and exacting punishment."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that it is unforgiveable that the Balochistan minister for construction and communications had set up a private prison in Barkhan, Balochistan where he kept men and women in bondage, many of whom were also raped. He said that Allah *(SWT)* has made humans the 'best of the creations', yet the Pharaohs, Nimrods, *Qaruns* and *Hamans* of every age perpetrate despicable cruelty and oppression against fellow human beings. The Ameer lamented that while the 'free citizens' of the Islamic Republic of Pakistan were being tortured in the private prison of a vicious tribal leader, the government, local administration and law enforcement agencies remained oblivious to the brutality. It is disgraceful that the dystopian contemporary dark-age has enabled the feudal barons, wicked tribal leaders and capitalists to masquerade not only as pubic representatives but also afforded them a full-access ticket to becoming part of the ruling elite. The truth is that the law of the jungle is prevalent in the country today. The Ameer demanded that the Supreme Court of Pakistan must take Suo Moto notice of the disquieting incident in Balochistan and award exacting and exemplary punishment to those found guilty of the gruesome crime.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan